Tarjuma-Tul-Quran-ul-Majeed - 10th Class Tarjmatul Quran Urdu Medium Chapter 7 Preparation

Q1. سورۃ ص کا علمی و عملی نکات کوئی سے دو تحریر کریں

Ans 1: 1- قرآن مجید سراسر نصیحت ہے، جب کہ اس کا انکار کرنے والے محض تکبر اور مخالفت میں پڑے ہیں- 2- اصل اور ہمیشہ رہنے والی نعمتیں جنت میں ہوں گی.

Q2. سورہ طٰہ کون سی سورت ہے اور اس میں کتنی آیات ہیں-

Ans 1: سورہ طٰہٰ مکی سورت ہے- اس میں اس ایک سو پنیتیس آیات ہیں-

Q3. اللہ تعالی نے زمین پر پہار کیوں بنائے ہیں.

Ans 1: اللہ تعالی نے زمین پر پہاڑ اس لیے بنائے ہیں تاکہ زمین ہچکولے نہ کھائے.

Q4. سورہ مریم میں کن عقائد کا بیان ہے.

Ans 1: سورہ مریم میں توحید، رسالت اور آخرت کا بیان ہے

Q5. سورہ یٰسین کی کتنی آیات اور کتنے رکوع ہیں.

Ans 1: سورہ یٰسین کی 83 آیات اور 5 رکوع ہیں

Q6. مشرکین مکہ کے لوگوں نے بجاشی سے کیا کہا.

Ans 1: ان لوگوں نے نجاشی سے کہا کہ ہمارے علاقے سے چند نا سمجھ لوگ بھاگ کر یہاں آگئے ہیں انہوں نے اپنے باپ دادا کا دین چھوڑ کر نیا دین اختیار کرلیا ہے. وہ آپ کے دن کےبھی خلاف ہیں. آپ ان کو ہمارے حوالے کردیں.

Q7. فرعون نے حضرت موسیٰ علیہ السلام کو کیا دھمکی دی.

Ans 1: فرعون نے حضرت موسیٰ علیہ السلام کو دھمکی دی کہ اگر تم نے میرے سوا کسی اور کہ الہ مانا تو میں تھ‍کو قید میں ڈال دوں گا.

Q8. سورہ یسٰین کے شروع حصے میں کس کا بیان ہے.

Ans 1: سورہ یٰسین کے شروع حصے میں رسالت کا بیان ہے.

Q9. سورۃ سبا کا نام کس کے نام پر رکھا گیا.

Ans 1: سورۃ سبا کا نام قوم سبا کے نام پر ہے.قوم سبایمن میں آباد تھی-

---

Q10. سورہ الروم کی ابتدا میں اللہ تعالی نے کون سے پیشن گوئی فرمائیں-

Ans 1: سورۃ الروم کی ابتدا میں اللہ تعالی نے دو پیشن گوئیاں فرمائیں جو چند ہی سالوں میں پوری ہوگئیں اور اس بات کی دلیل بنیں کہ قرآن مجید اللہ تعالی کا سچا کلام ہے.